"سب رس"

نگراں ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور۔ مدیر صاحبزادہ میر محمد علی میکش طباعت و کتابت عمدہ تعداد صفحات ۴۰۔ سائز $\frac{20\times30}{8}$۔

یہ ماہوار رسالہ "ادارہ ادبیات اُردو" حیدرآباد دکن کی طرف سے شائع ہوتا ہے۔ ابتک آٹھ پرچے نکل چکے ہیں۔ اپنے نام کے مطابق اس میں ہر قسم کا مزہ (سب رس) مہیا کرنے کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ نظم و نثر کے عمدہ عمدہ مضمون اس میں شائع ہوتے ہیں۔ مضمون نگاروں میں قابل خواتین کے نام بھی نظر آتے ہیں۔ اگر "سب رس" خواتین کے ذوق کو ادب لطیف اور افسانہ نگاری سے ہٹا کر علمی، معاشرتی اور اخلاقی مضامین لکھنے کی طرف منتقل کر سکے تو ہمارے خیال میں یہ بھی ملک کی ایک بڑی خدمت ہوگی۔ "سب رس" کے مضامین صحت زبان، خیالات کی پاکیزگی، انداز بیان کی دلکشی اور معلومات کی فراوانی کے اعتبار سے مُطالعہ اور قدردانی کے مستحق ہوتے ہیں۔ اُمید ہے کہ یہ رسالہ ڈاکٹر سید محی الدین صاحب زور۔ ایم۔ اے پی۔ ایچ۔ ڈی ایسے مخلص اور قابل و فاضل ادیب کی نگرانی میں خوب کامیابی حاصل کرے گا۔

اشرف القواعد مولوی محمد یعقوب صاحب شاہجہانپوری نے یہ آسان قاعدہ مسلمان بچوں اور بچیوں کی تعلیم کیلئے مرتب کیا ہے اور اسمیں تعلیم قرآن کے لئے جن قاعدوں کا جاننا ضروری ہے اُن سب کو الگ الگ آسان صورت میں لکھا ہے۔ ہر قاعدہ کے ساتھ اُسکی مشق بھی دی گئی ہے اور اُس کیلئے صرف قرآنی الفاظ کا ہی انتخاب کیا گیا ہے تاکہ بچوں میں شروع سے ہی قرآن خوانی کا ذوق پیدا ہو جائے۔ حروف کی کتابت میں بچوں کی رعایت سے تلفظ کا اہتمام کیا گیا ہے۔ اور تمام حروف کو اعراب کے ساتھ الگ الگ لکھا ہے۔ یہ قاعدہ حروف تہجی کی شناخت اور تلفظ سکھلانے کے لئے مفید ہے۔

الادب مولوی ضیاء النبی عباسی صاحب فاضل دیوبند کی ادارت میں مدرسہ اشاعت العلوم کانپور سے ہر مہینہ $\frac{20\times30}{8}$ کے سائز ۴۴ صفحات پر شائع ہوتا ہے۔ مضامین مذہبی، علمی اور